یکم اکتوبر 2024ء

# ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن نے گارنٹی کی رقم بڑھا کر دس لاکھ روپے تک کر دی

ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن (ڈی پی سی) نے اپنے رکن بینکوں کے تمام اہل ڈپازٹرز کے لیے گارنٹی کی رقم 5 لاکھ روپے سے بڑھا کر یکم اکتوبر 2024ء سے 10 لاکھ روپے کر دی ہے۔ اس کا فیصلہ کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کیا۔

گارنٹی کی اس رقم سے اب تقریباً 96 فیصد اہل ڈپازٹرز کو مکمل تحفظ مل جائے گا۔ ڈپازٹ پروٹیکشن اسکیم کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ ڈپازٹرز کے مفادات کا تحفظ کیا جائے اور بینکاری شعبے پر ان کے اعتماد میں مزید اضافہ کیا جائے۔ اس طرح ملک میں مالی استحکام کو بھی مدد ملے گی۔

ڈپازٹ پروٹیکشن کی سہولت تمام اہل ڈپازٹرز پر لاگو ہوتی ہے اور اس کے لیے ڈپازٹرز سے کوئی فیس نہیں لی جاتی۔ گارنٹی کی رقم یا محفوظ شدہ ڈپازٹ صرف اس صورت میں قابل ادائیگی ہوتا ہے جب اسٹیٹ بینک آف پاکستان کسی بینک کو ناکام بینک قرار دیتا ہے۔ اس کے سوا کسی اور حالت میں یہ رقم قابل ادائیگی نہیں ہوتی ہے۔

متعلقہ سرکلر لیٹر درج ذیل ویب لنک پر ڈی پی سی کی ویب سائٹ پر موجود ہے:

https://www.dpc.org.pk/Circulars/2024/CL3.pdf

****